# اشتہار برائے بھرتی کانسٹیبلان بینڈ سٹاف

پنجاب کے اضلاع لاہور، شیخوپورہ، گوجرانوالہ، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان، ساہیوال، سرگودھا، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور اور پولیس ٹریننگ کالج، لاہور، پولیس ٹریننگ سکولز سرگودھا، راولپنڈی (روات)، پنجاب کانسٹبلری فاروق آباد اور ٹیلی کمیونیکیشن، پنجاب، لاہور میں تعیناتی کے لئے بینڈ سٹاف کانسٹیبلان سکیل نمبر 7 بمع مروجہ الاؤنسز کی خالی آسامیوں پر بھرتی کیلئے امیدواران سے مندرجہ ذیل معیار کے مطابق مجوزہ فارم پر درخواستیں مطلوب ہیں:

## اہلیت برائے امیدوار

| | | |
|---|---|---|
| (1) | عمر | 18 تا 30 سال |
| (2) | تعلیم | منظور شدہ بورڈ سے میٹرک پاس ہو |
| (3) | تجربہ | متعلقہ فیلڈ میں تجربہ جیسا کہ مختلف بینڈ آلات کی دیکھ بھال کا علم ہو اور بینڈ کے مخصوص آلات کو بجانے کی معلومات کے ساتھ تکنیکی قابلیت / مہارت (کم از کم پانچ میوزیکل آلات) |

## ہدایات برائے امیدواران

☆ خواہشمند امیدواران مجوزہ فارم پنجاب پولیس کی ویب سائٹ **http://punjabpolice.gov.pk/** سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

☆ اہل امیدواران درخواست فارم معہ تصدیق شدہ فوٹو کاپی اسناد ضروری کاغذات اور مبلغ 300 روپے (فارم فیس) پر درج ذیل دفاتر میں مورخہ **06.03.2025** تا **20.03.2025** تک جمع کروا سکتے ہیں۔

| نمبر شمار | ضلع / پولیس یونٹ کا نام | جن اضلاع کے امیدواران درخواست دینے کے اہل ہیں |
|---|---|---|
| 1 | ضلع لاہور پولیس | صرف ضلع لاہور کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 2 | پولیس ٹریننگ کالج، لاہور | صرف ضلع لاہور کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 3 | ایس ایس پی ٹیلی کمیونیکیشن، پنجاب، لاہور (قربان لائنز، لاہور) | صرف ضلع لاہور کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 4 | ضلع شیخوپورہ پولیس | صرف ضلع شیخوپورہ کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 5 | پنجاب کانسٹیبلری، فاروق آباد | شیخوپورہ، ننکانہ اور قصور اضلاع کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 6 | ضلع راولپنڈی پولیس | صرف ضلع راولپنڈی کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 7 | پولیس ٹریننگ سکول، راولپنڈی (روات) | راولپنڈی، مری، اٹک، جہلم، چکوال اور تلہ گنگ اضلاع کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 8 | پولیس ٹریننگ سکول، سرگودھا | سرگودھا، خوشاب، میانوالی اور بھکر اضلاع کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 9 | ضلع گوجرانوالہ پولیس | صرف ضلع گوجرانوالہ کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 10 | ضلع فیصل آباد پولیس | صرف ضلع فیصل آباد کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 11 | ضلع ملتان پولیس | صرف ضلع ملتان کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 12 | ضلع ساہیوال پولیس | صرف ضلع ساہیوال کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 13 | ضلع سرگودھا پولیس | صرف ضلع سرگودھا کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 14 | ضلع ڈیرہ غازی خان پولیس | صرف ضلع ڈیرہ غازی خان کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |
| 15 | ضلع بہاولپور پولیس | صرف ضلع بہاولپور کے ڈومیسائل کے حامل امیدواران۔ |

☆ بھرتی شیڈول کے متعلق معلومات درج بالا دفاتر سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ ☆ امیدواران کو تعلیم اور عمر وغیرہ میں کوئی رعایت نہ دی جائے گی۔

☆ سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازم اپنا فارم / درخواست محکمانہ توسط سے آخری تاریخ سے قبل جمع کروائیں۔

مختص کوٹہ:۔ ☆ اقلیتی امیدواران کے لیے پانچ فیصد (05%) کوٹہ مختص ہوگا۔ ☆ خواتین امیدواران کے لیے پندرہ فیصد (15%) کوٹہ مختص ہوگا۔

☆ دس فیصد (10%) سابقہ فوجیوں کے لیے مختص ہوگا۔ اور

– تعلیم، سکونت = جو مندرجہ بالا سول امیدواران کے لئے مخصوص ہے۔

– عمر = امیدوار کی موجودہ عمر سے اگر فوج کی مدت ملازمت منہا کی جائے تو اس کی بقایا عمر 22 سال یا اس سے کم ہونی چاہیے۔ علاوہ ازیں موجودہ عمر 40 سال سے زیادہ نہ ہو اور اسے ریٹائرڈ ہوئے 2 سال سے زیادہ عرصہ نہ ہو۔

– وہ اہلکار جو طبی بنیاد پر یا کسی بھی انضباطی کاروائی کی وجہ سے فوج سے برخواست یا ریٹائرڈ ہوں گے وہ درخواست دینے کے مجاز نہیں ہیں۔

نوٹ:۔ ☆ امیدواران کا تحریری اور مہارت (**Skill**) کے امتحانات اور انٹرویو لیے جائیں گے۔

☆ وہ امیدواران جو پولیس فیملی کلیم کی بنیاد پر اضافی نمبر لینا چاہتے ہیں وہ اپنے کلیم سے متعلقہ تمام کاغذات جیسا کہ پنشن بک، ریٹائرمنٹ آرڈر کی کاپی وغیرہ اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

☆ تمام امیدواران کو بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ کسی قسم کی ایف آئی آر (FIR) یا مقدمہ میں نامزد / ملوث / مطلوب نہ ہیں۔ غلط بیان حلفی جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کو پولیس میں بھرتی کے لیے نااہل قرار دے دیا جائے گا۔ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ اگر کسی بھی مرحلہ پر امیدوار کی تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے تو امیدوار کی بھرتی منسوخ کر دی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ ابتدائی طور پر منتخب امیدواران بعد از سیکیورٹی کلیئرنس میڈیکل بورڈ کے روبرو پیش ہونگے کلر بلائنڈ امیدوار بھرتی کیلئے نااہل ثابت ہونگے۔

☆ صرف وہ امیدواران تحریری اور مہارت (Skill) ٹیسٹ کے اہل ہونگے جن کی درخواستیں مکمل پائی جائیں گی۔ امیدوار کو انتخاب کے مختلف مراحل میں کیے جانے والے کسی قسم کے اخراجات کی ادائیگی نہ کی جائے گی۔

☆ محکمہ کو یہ اختیار ہوگا کہ یہ بھرتی تمام مراحل مکمل ہونے پر یا کسی بھی مرحلہ پر منسوخ کی جا سکتی ہے اور کسی بھی عدالت یا فورم پر چیلنج نہ کیا جا سکے گی۔

**المشتہر:۔** ڈی آئی جی (اسٹیبلشمنٹ II)،
سنٹرل پولیس آفس، لاہور